نیو یارک شہر (CITY OF NEW YORK)
میئر کا دفتر برائے مینجمنٹ اور بجٹ (MAYOR’S OFFICE OF MANAGEMENT AND BUDGET)
میئر کا دفتر برائے آپریشنز (MAYOR’S OFFICE OF OPERATIONS)
کمیونٹی ڈیویلپمنٹ بلاک گرانٹ پروگرام (COMMUNITY DEVELOPMENT BLOCK GRANT PROGRAM)
2024 جامع پلان کے لیے مجوزہ CDBG مختص کاریوں کا نوٹس
مجوزہ سٹی مالی سال 2025 کی دستیابی کا نوٹس
کمیونٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام کی تفاصیل اور بجٹ

تمام ایجنسیوں، کمیونٹی بورڈز، گروپس اور افراد کے لیے:

کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ پروگرام (CD) میں ترمیم

کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ (CD یا CDBG) چار فارمولہ انٹائٹلمنٹ گرانٹس میں سے ایک گرانٹ ہے، جو نیویارک سٹی کو یو ایس محکمہ برائے ہاؤسنگ اور اربن ڈویلپمنٹ (HUD) سے سالانہ موصول ہوتی ہے۔ یہ فنڈز موصول ہونے سے قبل، سٹی کو عوامی تبصرے کے لیے ایک پلان جاری کرنا چاہیے جو یہ بیان کرتا ہو کہ گرانٹ کو کس طرح استعمال کیا جائے گا۔

HUD کے جامع پلان کے ضابطوں کے سیکشن 91.105(c) کے متعاقب، سٹی عوام کو اپنے مجوزہ پروگراموں اور 2024 کے جامع پلان/پانچویں کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروگرام سال (CD 50) کے لیے بجٹ مختص کرنے کے بارے میں مطلع کر رہا ہے۔ پروگراموں اور بجٹ مختص کرنے سے متعلق "مجوزہ سٹی مالی سال 2025 کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروگرام" میں نشاندہی کی گئی ہے۔ اس دستاویز میں مجوزہ سٹی مالی سال 2025 CDBG انٹائٹلمنٹ بجٹ، مجوزہ نظرثانی شدہ CD سال 50 بجٹ (جسا کہ کیلنڈر سال 2024 کے جامع منصوبہ میں یکجا کیا جائے گا)، اور مجوزہ CD 51 / کیلنڈر سال 2025 کا بجٹ شامل ہے۔ یہ دستاویز کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ-ڈیزاسٹر ریکوری فنڈنگ سے متعلق نہیں ہے۔

بروز جمعرات، 25 اپریل، 2024 سے، "مجوزہ سٹی مالی سال 2025 کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروگرام" دستاویز میئر کے دفتر برائے آپریشنز کی اس ویب سائٹ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہوگی www1.nyc.gov/site/operations/projects/consolidated-plan.page۔ براہ کرم مجوزہ تبدیلیوں پر کوئی بھی تبصرے 28 مئی 2024 کو اختتام کاروبار کے وقت تک ConPlanNYC@cityhall.nyc.gov پر ای میل کریں۔

نیو یارک سٹی: Eric Adams, Mayor
Jacques Jiha, Ph.D., Director, Mayor’s Office of Management and Budget

تاریخ: 24 اپریل 2024